SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
November 3, 2016
For immediate release

# ایس ای سی پی کی جانب سے لسٹڈ کمپنیوں کے لئے فائلنگ کے عمل میں آسانی

اسلام آباد، ۳نومبر: کاروبار میں آسانی پیدا کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے، سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے فارم چار کی فائلنگ کے لئے آن لائن فائلنگ کا نظام قائم کیا ہے جو سکیورٹیز ایکٹ، ۲۰۱۵ کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی کو درکار ہوتا ہے کہ وہ ایس ای سی پی کو ان سکیورٹیز کی تفصیلات جمع کرائے جن کے حاملین سود مندانہ طور پر اس کے ڈائریکٹرز، ایگزیکٹو افسران اور اہم حصص داران ہوں۔

فارم چار ایس ای سی پی کے خدمات کے پورٹل میں اپ لوڈ کر دیا گیا ہے اور لسٹڈ کمپنیاں اب پانچ ہزار روپے کے بجائے آن لائن تین ہزار روپے کی کم قیمت میں جمع کرا سکتی ہیں۔ ایس ای سی پی کا یہ اقدام لسٹڈ کمپنیوں کو فائلنگ سے متعلقہ اخراجات میں بچت کے ساتھ ساتھ جھنجھٹ سے پاک فائلنگ کا طریق کار فراہم کرتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254